**KPS Smart Qaida**

Khalid Public School - Since 1993



ن رہنمائی

# بچے کو گھر میں ناظرہ قرآن کیسے پڑھائیں؟

ں اور صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھیں

https://kpscolleges.com/

KPS Smart Qaida میں بچہ ہر حرف اور لفظ کی محفوظ آواز سنتا ہے، اسے دہراتا ہے اور والدین کی نگرانی میں روزانہ مختصر مگر مؤثر مشق کرتا ہے۔

# ایپ کیسے کھولیں؟

1

### لنک کھولیں

موبائل، ٹیبلیٹ یا کمپیوٹر میں KPS Smart Qaida کا لنک کھولیں۔ بہتر آواز کے لیے Volume مناسب رکھیں۔

2

### اعوذ باللہ سنیں

ابتدائی اسکرین پر اعوذ باللہ کی محفوظ آواز خود چلنے دیں۔ آواز مکمل ہوتے ہی کلاس کھل جائے گی۔

3

### اگر خود نہ کھلے

کچھ Browsers خودکار آواز روک دیتے ہیں۔ ایسی صورت میں **"کلاس میں جائیں"** کا بٹن دبائیں۔

4

### سبق منتخب کریں

اوپر موجود فہرست سے مطلوبہ سبق منتخب کریں یا **پچھلا سبق / اگلا سبق** کے بٹن استعمال کریں۔

اہم: پہلی مرتبہ Microphone کی اجازت صرف Recording Page کے لیے درکار ہے۔ عام سبق سننے کے لیے Microphone کی ضرورت نہیں۔

# حرف اور لفظ کیسے پڑھائیں؟

سبق 1 - حرف م

| | | |
|---|---|---|
| م | مَطَرٌ | |
| مَ | ـمَـ | ـمَ |
| مِ | ـمِـ | ـمِ |
| مُ | ـمُـ | ـمُ |

1

### پہلے سنوائیں

حرف، لفظ یا سطر پر ایک مرتبہ Tap کریں۔ بچے کو مکمل آواز خاموشی سے سننے دیں۔

2

### پھر دہرائیں

آواز ختم ہونے کے بعد بچے سے اسی حرف یا لفظ کو دو یا تین مرتبہ واضح آواز میں پڑھوائیں۔

3

### تصویر سے تعلق بنائیں

بچے سے تصویر اور لفظ کا نام پوچھیں، پھر حرف کی ابتدائی آواز کی شناخت کروائیں۔

غلطی پر فوراً ڈانٹنے کے بجائے محفوظ آواز دوبارہ سنوائیں اور بچے سے آہستہ آہستہ صحیح ادائیگی کروائیں۔

# مکمل سبق کیسے چلائیں؟

## کلاس مشق کے کنٹرول

▯ Tap سے آواز | ☑ Playlist انتخاب | 1 / 2 / 3 سیکنڈ وقفہ | ▶ کلاس میں چلائیں | ▯ وقفہ | ■ بند کریں

### مکمل کلاس مشق

- **Playlist انتخاب** منتخب کریں۔
- حروف، الفاظ یا مکمل سطر منتخب کریں۔
- تکرار اور وقفہ مقرر کریں۔
- **کلاس میں چلائیں** دبائیں۔

### صرف ایک حرف/لفظ

- **Tap سے آواز** منتخب رکھیں۔
- مطلوبہ حرف یا لفظ پر Tap کریں۔
- بچے سے آواز کے بعد دہرائیں۔

### وقفہ کتنا ہو؟

Nursery/Prep: 2 یا 3 سیکنڈ

اچھا پڑھنے والا بچہ: 1 یا 2 سیکنڈ

### تکرار کتنی ہو؟

نیا حرف: 3 مرتبہ

پہلے سے پڑھا حرف: 2 مرتبہ

مکمل سطر: 1 یا 2 مرتبہ

بچے کو آواز کے ساتھ بولنے کے بجائے پہلے مکمل آواز سننے دیں، پھر وقفے میں پڑھوائیں۔ اس سے تلفظ زیادہ واضح ہوگا۔

# گھر میں 10 منٹ کا آسان معمول

### 3 منٹ
آج کے نئے حرف اور اس کی زبر، زیر، پیش کی آواز

### 2 منٹ
اعوذ باللہ اور پچھلے سبق کی مختصر دہرائی

### 2 منٹ
مکمل سطر یا صفحہ سن کر روانی سے پڑھنے کی کوشش

### 3 منٹ
سبق کے الفاظ سننا اور ہر لفظ دو مرتبہ دہرانا

## والدین کے لیے ضروری ہدایات

✓ روزانہ ایک ہی وقت پر مختصر مشق کروائیں۔
✓ موبائل بچے کے ہاتھ میں دینے کے بجائے خود ساتھ بیٹھیں۔
✓ ایک دن میں صرف مقررہ سبق پڑھائیں، جلدی آگے نہ بڑھیں۔
✓ بچے کی کوشش کی تعریف کریں اور غلطی نرمی سے درست کروائیں۔
✓ مشکل حرف یا لفظ کی آواز دوبارہ چلائیں۔
✓ اگلے سبق پر تب جائیں جب موجودہ سبق واضح ہو جائے۔

## سنیں، دہرائیں اور صحیح پڑھیں

سکول اور گھر کی مشترکہ کوشش بچے کی بنیاد مضبوط بناتی ہے۔

**KPS Smart Qaida**
**https://kpscolleges.com/**